CodeNo.: 105/MIL/U/2012

**E-5**

# ELIGIBILITY TEST, APRIL - 2012

## MODERN INDIAN LANGUAGE - URDU

## PAPER - II (C)

Max.Marks : 100

Time : One Hour — Min. Marks : 36

All questions carries equal marks.

Each question carries 2 marks.

**Instructions to the Candidates:**

1. Candidates are prohibited from writing their Names and Hall Ticket Numbers anywhere on the Answer Sheet except in the column provided. Answer Sheets of candidates violating this rule will be not valued.
2. All questions are of multiple choice type. Every question has four choices. Darken the cricle of the correct answer with HB Pencil like This ◉
3. There is only one 'Answer Sheet' for both the question papers. The candidate should use HB Pencil for marking ◉ the correct answer for each question.
4. After marking the correct answers candidates must handover the 'Answer Sheet' to the invigilators.
5. Candidates can retain the question papers.
6. Candidates must ensure that they have written the hall ticket number in full and correctly in the space provided on the Answer Sheet.
7. Candidates are advised not overwrite on the Answer Sheet. If they want to change the answer already marked. They should erase the wrong answer and mark ◉ in the appropriate box again.
8. Candidates are not allowed to bring any material except Hall Ticket, a ball point pen, HB Pencil, sharpner and Eraser into the examination hall.

1. جوابات کے پرچے میں آپ اپنا نام ، ہال ٹکٹ نمبر صرف متعلقہ کالم میں ہی لکھیں۔ کسی طرح کی شناخت، علامت نہ لکھیں۔ اس قانون کی خلاف ورزی پر آپکے پرچے جانچے نہیں جائیں گے۔
2. ہر سوال کے ساتھ چار جواب دیئے گئے ہیں جن میں سے آپ صحیح جواب کا انتخاب کریں اور جوابات کے پرچے میں صحیح جواب کے دائرہ کو HB پنسل سے سیاہ ◉ کریں۔
3. آپکو دونوں سوالات کے پرچوں کیلئے ایک ہی جوابی پرچہ دیا گیا ہے ۔ تاکہ آپ ہر سوال کے صحیح جواب کو آسانی سے سیاہ کر سکیں۔
4. جوابی پرچہ میں صحیح جوابات کو سیاہ کرنے کے بعد صرف جوابی پرچہ نگراں کار کے حوالے کر دیں۔
5. سوالات کا پرچہ آپ اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔
6. اس بات کی تصدیق کر لیجئے کہ آپ نے اپنا ہال ٹکٹ نمبر کو پوری طرح سے جوابات کے پرچہ میں سیاہ کیا ہے یا نہیں۔
7. جوابات کے پرچے میں کچھ نہ لکھیں۔ اگر آپ پہلے سے نشان لگائے جواب کے بدلے دوسرا جواب صحیح سمجھتے ہیں تو پہلے لکھے گئے جواب کو ربر (Eraser) سے مٹادیں اور جو صحیح جواب ہے اس کا دائرہ سیاہ کر دیں۔
8. آپ امتحان کے کمرے میں قلم (Pen Ballpoint) HB پنسل، شارپنر (بلیڈ) ربر اور ہال ٹکٹ کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں لا سکتے۔

(P.T.O)

ہدایات : (i) تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔
(ii) ہر سوال کے لیے دو نشانات مختص ہیں۔

## حصہ ۔ الف

درج ذیل عبارت کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے صحیح جواب کو پہچانیے اور جوابی پرچے میں صحیح جواب کے نمبر کو HB پنسل سے سیاہ ◉ کیجئے۔

اقبالؔ ہمارے عظیم شاعر ہیں۔ اُن کا پورا نام شیخ محمد اقبال ہے۔ وہ 1875 میں سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ ویسے ان کا آبائی وطن کشمیر تھا۔ اقبال کی ابتدائی تعلیم مکتب میں ہوئی۔ انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ بعد میں پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔ اے پاس کیا۔ اقبالؔ 1905 میں یورپ گئے جہاں انہوں نے جرمنی سے پی ایچ۔ ڈی۔ کی ڈگری حاصل کی اور لندن میں بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ اقبال کی شاعری کے بہت سے مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ ان میں ''بانگ درا'' اور ''بال جبریل'' بہت مشہور ہیں۔ اقبال کی شاعری میں قومی درد اور فلسفہ ملتا ہے۔

.51 اقبالؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(1) اسرار الحق (2) ظفر اقبال

(3) شیخ محمد اقبال (4) جاوید اقبال

.52 اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(1) دہلی میں (2) سیال کوٹ میں

(3) حیدر آباد میں (4) لکھنو میں

.53 اقبالؔ کا آبائی وطن کون سا تھا؟

(1) آسام (2) کشمیر

(3) گجرات (4) مدراس

54. اقبالؔ کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(1) گھر پر (2) مسجد میں

(3) گروکل میں (4) مکتب میں

55. اقبالؔ نے کس یونیورسٹی سے ایم۔اے کا امتحان پاس کیا؟

(1) عثمانیہ یونیورسٹی (2) پنجاب یونیورسٹی

(3) دہلی یونیورسٹی (4) علی گڑھ یونیورسٹی

56. اقبالؔ یورپ کب گئے ؟

(1) 1925 (2) 1955

(3) 1905 (4) 1990

57. اقبالؔ نے کس ملک سے پی ایچ۔ ڈی۔ کی ڈگری حاصل کی ؟

(1) امریکہ (2) جرمنی

(3) روس (4) جاپان

58. اقبال نے کہاں سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا؟

(1) لندن (2) پیرس

(3) ٹوکیو (4) ماسکو

59. اقبال کی شاعری میں کیا خاص بات ملتی ہے ؟

(1) دردو غم (2) طنز و مزاح

(3) قومی درد اور فلسفہ (4) نااُمیدی

60. اقبال کی شاعری کے کسی ایک مجموعے کا نام بتایئے ؟

(1) آتشِ گل (2) دست صبا

(3) بساطِ رقص (4) بال جبریل

## حصہ - ب

خالی جگہوں کو پُر کرنے کے لیے مناسب لفظ کو پہچانیئے اور اس کے نمبر کو جوابی پرچے میں HB پنسل سے سیاہ ◉ کیجئے۔

61. باغ ______ پھول کھلے ہیں۔

(1) کو (2) سے (3) کا (4) میں

62. جھاڑ ______ بندر بیٹھا ہے۔

(1) سے (2) کو (3) میں (4) پر

63. احمد دہلی ______ آیا ہے۔

(1) پر (2) سے (3) کا (4) کے

64. اسلم نے کہا ______ وہ ضرور آئے گا۔

(1) تھی (2) کے (3) ہیں (4) کہ

65. بوتل کے ______ شربت ہے۔

(1) باہر (2) اندر (3) نیچے (4) اُوپر

66. نئی کتابیں اچھی ______ ۔

(1) ہوتا ہے (2) ہوں گے (3) لگتی ہیں (4) لگتا ہے

67. آسمان نیلا ______ ۔

(1) ہیں (2) ہے (3) ہوگی (4) تھی

68. وہ جمعہ ______ آیا تھا۔

(1) کو (2) پر (3) کی (4) کے

.69 دوا ________ بیماری دور ہوگی۔

(1) کو (2) سے (3) میں (4) تک

.70 شور مت ________ ۔

(1) رہو (2) لگاؤ (3) کرو (4) ملو

## حصہ ۔ ج

مندرجہ ذیل جملوں میں جن الفاظ کے نیچے خط کھینچے گئے ہیں اُن کے ہم معنی الفاظ کو پہچانیئے اور جوابی پرچے میں صحیح نمبر کو HB پنسل سے سیاہ ◉ کیجئے۔

.71 سورج نکلا تو روشنی پھیل گئی۔

(1) اندھیرا (2) اُجالا (3) سیاہی (4) جاڑا

.72 چڑیاں پیڑ پر بسیرا کرتی ہیں۔

(1) میز (2) چھت (3) درخت (4) ندی

.73 گھاس کا رنگ سبز ہے۔

(1) کالا (2) ہرا (3) سفید (4) نیلا

.74 چمن میں پھول کھلے ہیں۔

(1) آنگن (2) جنگل (3) باغ (4) میدان

.75 شاعری میں اقبالؔ کا مقام بہت بلند ہے۔

(1) اونچا (2) مشکل (3) آسان (4) گہرا

حصہ ۔ د

مندرجہ ذیل جملوں میں خط کھینچے گئے الفاظ کی ضد پہچانیئے اور جوابی پرچے میں صحیح نمبر کو HB پنسل سے سیاہ ◉ کیجئے۔

.76 یہ کام بہت مشکل ہے۔

(1) دور (2) قریب (3) آسان (4) چھوٹا

.77 اکبر بہت بہادر تھا۔

(1) موٹا (2) بزدل (3) دبلا (4) شرمیلا

.78 بلبل اُداس بیٹھا تھا۔

(1) آزاد (2) فکرمند (3) خوش (4) خاموش

.79 اچھے لوگ دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔

(1) شریف (2) ایماندار (3) نیک (4) بُرے

.80 یہ پتھر بہت بھاری ہے۔

(1) بڑا (2) ہلکا (3) چھوٹا (4) معمولی

حصہ ۔ ہ

مندرجہ ذیل انگریزی جملوں کے صحیح اُردو ترجمے کو پہچانیے اور جوابی پرچے میں صحیح نمبر کو HB پنسل سے سیاہ ◉ کیجئے۔

.81 He is a teacher.

(1) وہ ایک ٹیچر تھا۔ (2) وہ ایک ٹیچر ہے۔

(3) وہ ایک ٹیچر ہو سکتا ہے۔ (4) وہ ایک ٹیچر ہوگا۔

.82 Who came first ?

(1) کون آیا ہے؟ (2) کون آئے ہیں؟

(3) کون آخر میں آیا؟ (4) کون پہلے آیا؟

.83 He is going to play.

(1) وہ کھیلنے جارہا ہے۔
(2) وہ کھیل رہا ہے۔
(3) وہ کھیلے گا۔
(4) وہ کھیل چکا ہے۔

.84 This garden is beautiful.

(1) یہ باغ ہے۔
(2) یہ باغ خوب صورت ہے۔
(3) یہ باغ خوب صورت ہو گا۔
(4) باغ بہت بڑا ہے۔

.85 Life is a test.

(1) زندگی ایک امتحان ہے۔
(2) زندگی ایک کھیل ہے۔
(3) زندگی ایک تماشہ ہے۔
(4) زندگی حرکت ہے۔

.86 He will learn.

(1) وہ سیکھ چکا۔
(2) وہ سیکھ رہا ہے۔
(3) وہ سیکھے گا۔
(4) وہ سیکھ رہا تھا۔

.87 Computer is a wonderful thing.

(1) کمپیوٹر ایک اچھی چیز ہے۔
(2) کمپیوٹر ایک بے کار چیز ہے۔
(3) کمپیوٹر ایک معمولی چیز ہے۔
(4) کمپیوٹر ایک حیرت انگیز چیز ہے۔

.88 It will take you nowhere.

(1) یہ تمہاری کوئی رہنمائی نہیں کرے گی۔
(2) یہ تمہاری رہنمائی کرے گی۔
(3) یہ تم کو منزل پر پہنچائے گی۔
(4) یہ تم کو کہیں نہ کہیں لے جائے گی۔

.89 All that glitters is not gold.

(1) ہر چمکتی چیز سونا ہوتی ہے۔
(2) ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی۔
(3) ہر چمکتی چیز کو سونا سمجھو۔
(4) ہر چمکتی چیز سونا ہو سکتی ہے۔

.90 Do not go back on your word.

(1) اپنے لفظ کے پیچھے مت جاؤ
(2) اپنے لفظ پر واپس مت جاؤ۔
(3) اپنی بات سے مت پھرو۔
(4) تمہاری بات پر واپس جاؤ۔

## حصہ ۔ و

خالی جگہوں کو پُر کرنے کے لیے مناسب الفاظ کو پہچانیئے اور جوابی پرچے میں صحیح نمبر کے دائرے کو سیاہ ◉ کیجئے۔

91. زندگی ________ کا نام ہے۔
(1) ہنسی مذاق (2) زندہ دلی (3) مردہ دلی (4) کھیل کود

92. فیض احمد فیضؔ ________ تحریک سے وابستہ تھے۔
(1) ترقی پسند (2) تلنگانہ (3) عدم تعاون (4) علی گڑھ

93. اُردو میں ترقی پسند تحریک کس سنہ میں شروع ہوئی؟
(1) 1947 (2) 1936 (3) 1960 (4) 1946

94. حالؔی کا انتقال ________ میں ہوا۔
(1) 1911 (2) 1920 (3) 1947 (4) 1857

95. شاعر مشرق کس کو کہتے ہیں۔
(1) مخدومؔ (2) اقبالؔ (3) غالبؔ (4) میرؔ

96. رضیہ نے قلم ________ ۔
(1) خریدتی ہے (2) خریدا (3) خریدی (4) خریدے گی

97. آم کے آم ________ ۔
(1) چھلکے تیرے نام (2) گٹھلیوں کے دام (3) اُوپر سے آرام (4) جام کے جام

98. کہاں راجا بھوج اور کہاں ________ ۔
(1) میاں بدّھو (2) شیخ چلّی (3) گنگو تیلی (4) میاں خوجی

99. صبر کا پھل ________ ہوتا ہے۔
(1) کڑوا (2) میٹھا (3) کسیلا (4) بے مزہ

100. عشق نے غالبؔ ________ کردیا۔
(1) نکمّا (2) پریشاں (3) پشیماں (4) دیوانہ

☆☆☆